In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful
بسم اللہ الرحمن الرحیم

Press Desk
Ahmadiyya Muslim Jamaat
INTERNATIONAL
(INDIA)

شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت
Office Press & Media
Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988
Email: pressamjindia@gmail.com
Tel: +91-1872-500282
ahmadiyya_press ahmadiyyapressindia

(A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860)

زیرحوالہ/Ref SPM-232
تاریخ/Date 21-9-2026

عالمی یومِ امن کے موقع پر جماعت احمدیہ بھارت کی جانب سے "STOP WORLD WAR 3" کیمپین کا انعقاد

مورخہ 21 ستمبر کو منائے جانے والے عالمی یومِ امن کے موقع پر جماعت احمدیہ مسلمہ بھارت کی جانب سے ملک کے مختلف مقامات پر "STOP WORLD WAR 3" کیمپین کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس کیمپین کا مقصد دنیا کو جنگوں کے تباہ کن اثرات سے آگاہ کرنا، عالمی امن کی اہمیت اجاگر کرنا اور انسانیت کو جنگ و جدال کے بجائے محبت، بھائی چارے، انصاف اور باہمی مذاکرات کی راہ اختیار کرنے کی ترغیب دینا ہے۔

موجودہ عالمی حالات میں مختلف خطوں میں جاری تنازعات اور بڑھتی ہوئی کشیدگی نے دنیا کے امن و استحکام کو سنگین خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ ایسے حالات میں جماعت احمدیہ مسلمہ کے سربراہ حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز، مسلسل عالمی رہنماؤں کو انصاف، سفارت کاری، باہمی مذاکرات اور امن کے قیام کی طرف توجہ دلاتے رہے ہیں۔ آپ نے عالمی جنگ کے تباہ کن نتائج سے خبردار کرتے ہوئے انسانیت کے مستقبل کے تحفظ کے لئے اجتماعی کوششوں کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

"آج عالمی حالات پر نظر ڈالنے والا جان سکتا ہے کہ ایک نئی عالمی جنگ کی بنیاد رکھی جا چکی ہے۔ دنیا کے کئی چھوٹے بڑے ممالک ایٹمی اثاثوں کے مالک ہیں، جس کی وجہ سے ان ممالک کی باہمی دشمنیاں، کینے اور عداوتیں اپنے عروج پر ہیں۔ اس گھمبیر صورت حال میں تیسری عالمی جنگ کے بادل ہمارے سروں پر منڈلا رہے ہیں اور ایسی جنگ میں ضرور ایٹمی ہتھیار بھی استعمال ہوں گے۔ گویا یقیناً ہم خطرناک تباہی کے دہانے پر کھڑے ہیں۔ اگر جنگ عظیم دوم کے بعد عدل وانصاف سے پہلوتہی نہ کی جاتی تو آج ہم اس دلدل میں نہ پھنستے جہاں ایک بار پھر خطرناک جنگ کے شعلے دنیا کو اپنی لپیٹ میں لینے کے لئے تیار کھڑے ہیں۔" (کتاب: عالمی بحران اور امن کی راہ)

جماعت احمدیہ مسلمہ بھارت اس مہم کے ذریعے عوام الناس، سماجی رہنماؤں، دانشوروں اور تمام امن پسند افراد کو یہ پیغام دینا چاہتی ہے کہ دنیا کا پائیدار امن طاقت اور جنگ کے ذریعے نہیں بلکہ انصاف، رواداری، باہمی احترام اور مذاکرات کے ذریعے قائم ہوسکتا ہے۔ جماعت احمدیہ کا یہ ماٹو ہے: ’’محبت سب سے، نفرت کسی سے نہیں‘‘۔

جنگوں کا سب سے زیادہ نقصان بے گناہ شہریوں، بچوں، خواتین اور آنے والی نسلوں کو برداشت کرنا پڑتا ہے، اس لئے ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ ہم آپسی اختلافات کو دور کریں، انسانیت کی خدمت کریں، ایک دوسرے کے لئے اپنے دل میں ہمدردی رکھیں۔ انسانیت کی خدمت یا امن اور انصاف کے قیام کے لئے اگر ہم اپنے سطح پر ایک چھوٹا قدم بھی اُٹھاتے ہیں تو اس کا یقیناً ایک مثبت اثر ہمارے معاشرہ میں ظاہر ہوگا۔

’’STOP WORLD WAR 3‘‘ کیمپین کے تحت مختلف مقامات پر امن کے پیغام کو عام کرنے اور عوام میں عالمی امن کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ جماعت احمدیہ مسلمہ کا یہ مؤقف ہے کہ مذہبِ اسلام انسانیت کی خدمت، امن، عدل اور بھائی چارے کی تعلیم دیتا ہے، اور ہر انسان کو دنیا کو تباہی سے بچانے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

انچارج شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت